قارئین کے خطوط بنام مدیر

المباحث الاسلامیہ کے متعلق اہم دینی جرائد اور اکابر علماء کی آراء، تأثرات اور تبصرے

المباحث الاسلامیہ کی اجراء واشاعت پر ملک کے معروف علمی، دینی اور صحافتی ماہناموں، روزناموں، اخباروں میں جاندار تبصرے شائع ہوئے اور اکابر اہل علم وتحقیق پروفیسرز، ڈاکٹرز، سکالرز حضرات کی طرف سے عمدہ تأثرات، کلمات، تحسین وتجیع پر مشتمل خطوط ومراسلات موصول ہوئے۔ جنہوں نے المباحث کے وقیع علمی اور تحقیقی مضامین کو سراہا اور اسے وقت کی اہم ضرورت اور تقاضہ شمار کیا ان اہل علم اور علمی جریدوں نے خالص دینی علمی صحافت کے میدان میں اپنے نئے رفیق کو مبارکباد بھی پیش کی ان تاثرات وتبصروں کی تلخیص نذر قارئین ہے۔ (ادارہ)

تبصرہ از روزنامہ جناح اسلام آباد، راولپنڈی

الیکٹرانک میڈیا کے اس عہد جدید میں بھی مجلاتی صحافت کی اہمیت وافادیت سے انکار ممکن نہیں۔ قارئین کا ایک وسیع حلقہ (گئے زمانوں کی طرح) آج بھی سیاست، ادب، سماج اور مذہب کے حوالہ سے ہفتہ وار، ماہ وار اور سہ ماہی مجلوں کی طلب رکھتا ہے یہی وجہ ہے کہ ملک بھر میں لاتعداد رسائل وجرائد کی اشاعت ایک تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔ یہ امر بھی تسلیم شدہ ہے کہ سیاسی، ادبی وسماجی جرائد کی اشاعتوں میں تعطل پیدا ہوتو ہو لیکن کسی بھی مکتبہ فکر سے متعلق علمی مجلہ کی اشاعت کا سلسلہ اکثر جاری رہتا ہے جس کی ایک بڑی وجہ قارئین کا مذہب سے حد درجہ لگاؤ ہے۔ اس ضمن میں بڑے علمی وادبی مراکز سے دور جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان ڈیرہ روڈ بنوں سے شائع ہونے والی سہ ماہی مجلہ "المباحث الاسلامیہ" کے تعارف کے بغیر مستقبل میں مجلاتی صحافت کا تذکرہ نامکمل ہوگا۔ اس مجلہ میں قابل تحقیق اہم اور ضروری مسائل پر مبنی علمی بحث اور سفارشات، ملت اسلامیہ کو درپیش جدید مسائل اور سائنس وٹیکنالوجی کی تحقیق وتخلیق سے پیش آمدہ پیچیدگیوں کا حل اسلامی فکر ونظر کے مختلف اور ضروری جہات پر مشتمل مضامین اور سود کی آلائشوں سے پاک اسلامی معیشت کے قیام کے لئے حل طلب معاملات پر بحث وتحقیق کے حوالہ سے مضامین شائع کئے جاتے ہیں عہد جدید میں چونکہ بعض فقہی مسائل کے حل کے لئے انسان الجھ کر رہ گیا ہے اور اُسے اس سلسلہ میں پیش آمدہ مسائل کے حل اور تحقیق کے لئے قدم بہ قدم راہنمائی اور مدد کی ضرورت ہے اور اس سمت میں المباحث الاسلامیہ ایک اہم سنگ میل ہے توقع کی جاسکتی ہے کہ طالبان تحقیق کے لئے اپنے سنجیدہ علمی مباحث اور وضع کردہ رہنما اصولوں کے پیش نظر یہ مجلہ بہترین دستاویز کا حامل ہوگا۔ 17 ستمبر 2003ء

تاثرات : حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ ملتان

الحمدللہ و سلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ .

اسلام ایک جامع دین ہے اور قیامت تک انسانوں کو پیش آمدہ مسائل میں ان کا رہنما ہے۔ تمدن کی ترقیات اور تہذیب کی تبدیلیوں کے باعث جو نئے نئے مسائل پیدا ہوتے ہیں ان کا حل اور ان کے شافی جواب اسلامی فقہ کے دامن میں موجود ہیں۔ تاہم ان کے اخذ واستنباط کے لئے محنت وجستجو کی ضرورت ہے۔ یہ درست ہے کہ بہت سے تمدنی مسائل ایسے ہیں جن کا ذکر متقدمین کی کتب میں نہیں ملتا۔